سوال

(992) مریض آدمی کو فرض نمازیں قصر کرلینی چاہییے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا بیمار آدمی فرض نمازوں کو قصر کر سکتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مریض انسان بلاعلت ِ سفر نماز قصر نہیں کر سکتا۔ البتہ اگر مریض کےلیے نماز کی ادائیگی بروقت مشکل ہو تو ظہر اور عصر، مغرب اور عشاء کو جمع کر کے پڑھ سکتا ہے: ''حدیث المستحاضة'' اس امر کی واضح دلیل ہے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ، دار قطنی: جلد ۱ ص ۳۸۷ باب قدر المسافة التی تقصر فی مثلها صلاة، فتح الباري ۲/۵۶۶ فی شرح باب فی کم یقصر الصلاة)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 801

محدث فتویٰ